© rasailojaraid.com



تو بہر حال ملحوظ رکھنی چاہیئے ۔ (مزمل حسین خوشاب)

- مجلہ الحق کا ہر ماہ انتظار رہتا ہے الحمد للہ اب مجلہ کا معیار بہت بڑھ گیا ہے۔ (پروفیسر محبوب الرحمٰن کشمیر)
- شیخ العرب والعجم حضرت مولانا محمد مکی صاحب مدظلہ مدرس حرم شریف ماہنامہ الحق کو بے حد پسند کرتے اور اہل علم واہل اسلام کے لیے اس کا مطالعہ ضروری قرار دیتے ہیں ۔ (مولانا بشیر احمد الہ آبادی رحیم یار خان)

## وفیات

مولانا محمد یعقوب عابد، خطیب، مہتمم، استاذ الحدیث جامعہ رحمانیہ جہانیاں ضلع خانیوال قضائے الٰہی سے مورخہ ۳۰ مئی ۱۹۹۲ء انتقال فرما گئے ہیں مرحوم نے سترہ۱۷ سال تک علاقہ جہانیاں میں دین کی خدمتِ عظیم کی جامعہ رحمانیہ ان کی حسین یادگار ہے جس میں درجہ فارسی سے لے کر دورہ حدیث شریف تک تعلیم کا مفت اور معقول انتظام ہے ۵۰۰ طلباء و طالبات مصروف تعلیم ہیں ۔ بیس۲۰ اساتذہ کرام ہمہ وقتی مصروف تدریس ۔ احباب ۔ متعلقین، تلامذہ اور علماء اور الحق کے قارئین سے دعا کی درخواست ہے ۔

ناظم : جامعہ رحمانیہ جہانیاں خانیوال ۔

ہمارے منجھلے بہنوئی عزیزی حافظ منظور الٰہی صدیقی سلمہ اللہ تعالیٰ کی جوان سال بچی ۲ جون شام (جمعہ) اچانک انتقال کر گئی ۔ عزیزہ انتہائی سعادت مند ہونہار اور نیک بخت بچی تھی ۔ ہماری والدہ مخدومہ سمیت ہم سب کیلئے یہ انتہائی صدمہ ہے ۔ دعاؤں کی درخواست ہے

انا للہ وانا الیہ راجعون اللھم اغفر لہا وارحمہا۔

(مولانا سعید الرحمٰن علوی)

# تعاونوا علی البر والتقوی

© rasailojaraid.com